# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فروغِ اردو کے اہم ادارے(9030)　　　سمسٹر: خزاں2026

سطح:　بی ایس اردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: کسی بھی قوم کے تہذیبی، تمدنی اور فکری استحکام میں زبان کا کیا کردار ہوتا ہے؟ نیز یہ واضح کریں کہ اداروں کی باقاعدہ سرپرستی کے بغیر کوئی زبان صفحہ ہستی پر اپنی بقا کیسے کھو دیتی ہے؟ کتاب کی روشنی میں تفصیلی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال 2: دلی کالج نے مشرقی اور مغربی علوم کے امتزاج سے اردو زبان کو سائنسی اور علمی اصطلاحات سے کس طرح مالا مال کیا؟ انیسویں صدی کے فکری تناظر میں تفصیلی محاکمہ کریں۔ (20)

سوال 3: انجمن پنجاب، لاہور نے اردو نظم اور جدید شاعری کی ترویج میں کیا تاریخی کردار ادا کیا؟ انیسویں صدی کے اواخر میں اردو ادب پر اس کے اثرات کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال 4: انجمن ترقی اردو کی علمی و تحقیقی خدمات کا تفصیلی احاطہ کریں۔ مولوی عبدالحق کی سرپرستی میں اس ادارے نے اردو کو سرکاری اور تعلیمی زبان بنانے کے لیے کیا جدوجہد کی؟ (20)

سوال 5: مقتدرہ قومی زبان کے آئینی مقاصد کیا ہیں؟ قیامِ پاکستان کے بعد پاکستان میں اردو کو بطور سرکاری زبان نافذ کرنے کی کوششوں میں اس ادارے کی کامیابیوں کا تجزیہ کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال 1: اردو لغت بورڈ اور اردو سائنس بورڈ کی علمی و تحقیقی خدمات کا موازنہ کریں۔ اردو لغت نویسی کی تاریخ میں لغت بورڈ کی جامعیت اور اردو زبان کو جدید سائنسی علوم سے ہم آہنگ کرنے میں اردو سائنس بورڈ کے تاریخی کردار کا تنقیدی محاکمہ کریں۔ (20)

سوال 2: اکادمی ادبیات پاکستان کے قیام کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟ اہلِ قلم کی سرپرستی اور اردو ادب کو عالمی سطح پر روشناس کروانے میں اس کے کردار کا احاطہ کریں۔ (20)

سوال 3: پاکستان کی بڑی جامعات کے شعبہ ہائے اردو اور ان کے تحقیقی مجلات نے اردو ریسرچ اور اعلیٰ تعلیم کے فروغ میں کیا کردار ادا کیا ہے؟ تنقیدی محاکمہ کریں۔ (20)

سوال 4: "پاکستانی زبانوں اور اردو کے مابین لسانی و ثقافتی اخذ و اشتراک کا رشتہ قومی یکجہتی کا ضامن ہے"۔ اس بیان کی روشنی میں پاکستانی زبانوں کے اداروں کی علمی و ترجماتی خدمات کا محاکمہ کریں۔ (20)

سوال 5: فروغِ اردو کے حوالے سے کام کرنے والے اداروں پر بحث کریں اور بتائیں کہ یہ ادارے ادیبوں اور تخلیق کاروں کے انفرادی کام سے کس طرح مختلف اور زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں؟ (20)